فروری 95

کچھ "الشریعہ" کے بارے میں

ماہنامہ "الشریعہ" گوجرانوالہ کا آغاز اکتوبر ۱۹۸۹ء میں اس جذبہ کے ساتھ کیا گیا تھا کہ پاکستان اور عالم اسلام میں اسلام کے غلبہ و نفاذ کے لیے کام کرنے والی تحریکات کے تعارف' اسلام اور عالم اسلام کے خلاف سرگرم عمل حلقوں اور لابیوں کے کام اور طریق کار کی نشاندہی اور موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں نفاذ اسلام کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے علمی و فکری کام کو منظم کیا جائے۔ بحمد اللہ تعالیٰ "الشریعہ" اس مشن کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہے اور اپنی عمر کے پانچ برس پورے کر کے چھٹے سال میں داخل ہو چکا ہے۔

"الشریعہ" کو اپنے اس مشن اور ذوق و معیار کے حوالہ سے دینی و علمی حلقوں میں جو پذیرائی حاصل ہوئی ہے وہ ہمارے لیے باعث اطمینان اور حوصلہ بخش ہے اور یہی ایک پہلو ہے جو "الشریعہ" کی اشاعت کو مسلسل جاری رکھنے پر مجبور کیے ہوئے ہے' ورنہ وسائل اور اخراجات کا عدم توازن کئی بار اس سلسلہ کو روک دینے کا الارم دے چکا ہے۔

بد قسمتی سے ہمارے ہاں کتاب اور رسالہ خرید کر پڑھنے کا رجحان بہت کم ہے' اس لیے اکثر دوستوں کی خواہش بلکہ اصرار ہوتا ہے کہ انہیں رسالہ ضرور بھیجا جائے اور اعزازی بھیجا جائے' بعض دوست تو رسالہ نہ بھیجے جانے کا شکوہ اس انداز سے کرتے ہیں کہ بے ساختہ سر پیٹ لینے کو جی چاہتا ہے' جبکہ اخراجات کی صورت حال یہ ہے کہ دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں اور کاغذ کی قیمت گزشتہ ایک سال کے دوران تقریباً دوگنی ہو چکی ہے' جس کی وجہ سے "الشریعہ" اپنے واجبی اخراجات میں بھی مسلسل مقروض چلا آ رہا ہے اور اس کے بیشتر مصارف ہمیں ذاتی طور پر برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

ان حالات میں یہ ضروری ہو گیا ہے کہ قارئین اور احباب کو اس سلسلہ میں اعتماد میں لیتے ہوئے ان سے بھرپور تعاون کی درخواست کی جائے اور اس فیصلہ سے آگاہ کیا جائے کہ اعزازی طور پر پرچہ بھجوانا اب ہمارے بس میں نہیں رہا' اس لیے آئندہ شمارے سے چند ناگزیر شخصیات کے علاوہ کسی کو اعزازی پرچہ نہیں بھجوایا جائے گا اور وسائل و مصارف کا عدم توازن دور نہ ہو سکا تو شاید صفحات میں بھی مجبوراً کمی کرنا پڑے۔

ان گزارشات کے ساتھ قارئین اور احباب سے استدعا ہے کہ اسلامائزیشن کے علمی و فکری کام کو آگے بڑھانے کی اس مہم میں "الشریعہ" کے ساتھ بھرپور تعاون فرمائیں' جس کی عملی صورت یہ ہے کہ :

--- ○ خود "الشریعہ" کے سالانہ خریدار بنیں اور اپنے دیگر دوستوں کو سالانہ خریدار بننے کی ترغیب دیں۔

--- ○ دینی مدارس اور ادارے "الشریعہ" کو اشتہار مہیا کریں۔ اس سلسلہ میں یہ سہولت مہیا کی جا رہی ہے کہ آخری صفحہ کا مکمل اشتہار دینے والے دینی ادارے کا چار صفحے کا تعارف بھی شائع کیا جائے گا۔

--- ○ "الشریعہ اکیڈمی" کے ساتھ عطیات کی صورت میں معاونت کریں جو ماہنامہ "الشریعہ" کی اشاعت کے علاوہ مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں عربی و ترجمہ قرآن کریم کی کلاس اور مختلف موضوعات پر لٹریچر کی طباعت اور مفت تقسیم کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

(ادارہ)